الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586


MODE: **Regular**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Name | : **Alamzeb Tanoli** | | Serial No | : **14287** |
| Address | : **Kashmir Road** | | Date | : **1/3/2012** |
| Subject | : **HARAM-HALAL** | | Contact No: | |
| Writer | : طارق | | Email | : |

Asslam-O-Alaikum Mufti Sahib ,

Insurance na to Soodi mamlat k zamre main aati he or na he ye juwa he , Sood ke khurmat Policy kharidne wale per naheen aati , agar koi kisi ko qaraz de phir wo is per shart laga ke muje 200000. ke badle 400000 do ge to ye haram he magar aik aisa muzboot idara system ke tehat chale to loogon ke lagai hue raqam ko qanoon k mutabaq istemal kare to haram kese , koi jhoot naheen , zulm naheen raza mandi se , kisi bewa ko pese do haram keon . Islam to khud bewa , yateem ke madad ka hukam deta he , bhoot se ulema ise jaiz or halal qarar dete hain , AAp ghore karain Islam main Dosroon ke madad ka hukam he , magar ye jhoot per na ho , zulm per na ho , kisi ka haq mar kar na ho . Yaqeen karin Insurance Islam ka he Tareeqa he .

Allah ham sab ka hami wa nasir ho

انشورنس نہ تو سودی معاملات کے زمرے میں آتا ہے اور نہ ہی جوا ہے۔ سود کی حرمت پالیسی خریدنے والے پر نہیں آتی۔ اگر کوئی کسی کو قرض دے پھر وہ اس پر شرط لگائے کہ مجھے دولاکھ کے بدلے چار لاکھ روپے دوگے تو یہ حرام ہے مگر ایک ایسا مضبوط ادارہ اگر سسٹم کے تحت چلے تو لوگوں کی لگائی ہوئی رقم کو قانون کے مطابق استعمال کریں تو حرام کیسے؟ کوئی جھوٹ نہیں کوئی ظلم نہیں بلکہ رضامندی سے کسی بیوہ کو پیسے دو تو حرام کیوں؟ اسلام تو خود بیواؤں اور یتیموں کی مدد کا حکم دیتا ہے، بہت سے علماء اسے جائز و حلال قرار دیتے ہیں۔ آپ غور کریں اسلام میں دوسروں کی مدد کا حکم ہے مگر یہ جھوٹ پر نہ ہو، ظلم پر نہ ہو، کسی کا حق مار کر نہ ہو یقین کریں انشورنس اسلام کا ہی طریقہ ہے۔

## الجواب حامداً و مصلیاً

اسلام بلاشبہ یتیموں و بیواؤں کی کفالت اور ان کے ساتھ تعاون کی ترغیب دیتا اور ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی بھی کرتا ہے مگر حرام کا جس طرح خود استعمال کرنا حرام اس کے ذریعہ کسی دوسرے کی دنیاوی معاونت کرنا بھی درست نہیں بلکہ دوسرے کی دنیا کے لیے اپنی آخرت برباد کرنے کے مترادف ہے۔ اور مروجہ عام انشورنس کمپنیوں کے کاروبار اور طریقہ کار میں عموماً ربا، قمار اور غرر پایا جاتا ہے اس لیے ان کی کوئی بھی پالیسی خواہ صحت سے متعلق ہو یا زندگی وغیرہ سے اس کا لینا شرعاً جائز نہیں۔ اس سے احتراز لازم ہے۔

کما قال اللہ تعالی: و احل اللہ البیع و حرم الربوٰا (البقرۃ:۲۷۵)۔

و فی احکام القرآن للجصاص: و لا خلاف بین اھل العلم فی تحریم القمار، و أن المخاطرۃ قمار (ج:۱ ص:۳۲۹)۔

و فی مشکوٰۃ المصابیح: عن أبی ھریرۃ قال نھیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم عن بیع الحصاۃ و عن بیع الغرر رواہ مسلم (ج:۱ ص:۲۴۷) واللہ اعلم

طارق حسین عفی عنہ

دار الافتاء، جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶

۲۲ رجب المرجب ۱۴۳۳ھ

24/6/12

الجواب صحیح
مفتی نادر جان غفرلہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵ رجب المرجب ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۷

دار الافتاء
14287
۱۴۳۳/۸/۳